ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ذہن کو اپنے سجالوں تو ترا نام لکھوں
اپنے لمحوں کو اجالوں تو ترا نام لکھوں

شہر طیبہ میں گزاری ہوئی ہر ساعت کی
یاد کو دل میں بسالوں تو ترا نام لکھوں

گنبد سبز کے سائے میں وہ صدیوں کا خرام
اس کی تصویر بنالوں تو ترا نام لکھوں

روضۂ پاک کے نظارے کو نغمے کی طرح
روح کے ساز پہ گالوں تو ترا نام لکھوں

میرے مولا! تری کملی سے ابھرتا سورج
اس کو آئینہ بنالوں تو ترا نام لکھوں

خواجہ وسعت افلاک و زمیں تجھ پہ سلام
تری لو دل میں بڑھالوں تو ترا نام لکھوں